**02.08.2024**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

..........................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں گورنروں کی دو روزہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔ انھوں نے گورنروں سے کہا کہ وہ درج فہرست اور قبائلی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی جامع ترقی کیلئے راہیں تجویز کریں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گورنروں پر زور دیا کہ وہ مرکز اور ریاست کے درمیان مؤثر وسیلے کا کردار نبھائیں۔

☆ اتراکھنڈ میں اب تک 6 ہزار سے زیادہ پھنسے ہوئے یاتریوں اور عقیدتمندوں کو بچایا گیا ہے۔ ہماچل پردیش اور کیرالہ کے مٹی کے تودے کھسکنے سے متاثرہ علاقوں میں راحت اور تلاشی کی کارروائیاں زور شور سے جاری ہیں۔

☆ ایئر انڈیا نے مشرقی ایشیا خطے میں کشیدگی کے تناظر میں تل ابیب کو جانے والی اور وہاں سے آنے والی سبھی پروازوں کو 8 اگست 2024 تک فوری طور پر معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔

☆ پیرس اولمپکس میں منو بھاکر 25 میٹر ایئر پسٹل کے فائنل مقابلے کیلئے کوالیفائی کر گئی ہیں۔ بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم نے اپنے گروپ مرحلے کے آخری میچ میں آسٹریلیا کو شکست دی۔

☆ اور...... کرکٹ میں کولمبو میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں سری لنکا نے بھارت کے سامنے جیت کیلئے 231 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Prez - Governors Conference***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی کے راشٹرپتی بھون میں گورنروں کی دو روزہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔
اِس کانفرنس میں کئی ایسے مسائل پر بات ہوگی جو نہ صرف مرکز-ریاست تعلقات کا رُخ طے کرنے بلکہ عام لوگوں کیلئے

فلاحی اسکیموں کو فروغ دینے میں بھی اہم رول ادا کرتے ہیں۔

اپنے افتتاحی کلمات میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس کانفرنس کے ایجنڈے میں اُن امور کو شامل کیا گیا ہے جو قومی اہداف کے حصول میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اِس کانفرنس میں ہونے والے تبادلۂ خیال تمام شرکت کرنے والوں کیلئے اہم تجربہ ہوگا اور اُن کو اپنے کام کاج میں بھی تعاون کریں گے۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ فوجداری انصاف سے متعلق تین نئے قوانین کے نفاذ کے ساتھ ہی ملک میں انصاف کے نظام کا ایک نیا دور شروع ہوا ہے۔صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ سرکار غریبوں، سرحدی علاقوں، حاشیے پر رہنے والے طبقوں اور علاقوں اور ترقی کے سفر میں پیچھے رہ جانے والے لوگوں کی ترقی کو اوّلین ترجیح دے رہی ہے۔ اِس بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہ قبائلی آبادی کا ایک بڑا حصہ درج فہرست اور قبائلی علاقوں میں رہ رہی ہیں، انھوں نے گورنروں سے اپیل کی کہ اِن علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی جامع ترقی کے حصول کی راہ تجویز کریں۔

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے گورنر کے حلف کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ وہ سماجی فلاحی اسکیموں اور پچھلی دہائی میں کی گئی زبردست ترقی کے بارے میں عوام کو مطلع کرنے کی اپنی آئینی ذمے داری نبھائیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے خطاب میں گورنروں سے اپیل کی کہ وہ مرکز اور ریاست کے درمیان اور موثر پُل کا کردار نبھائیں اور لوگوں اور سماجی تنظیموں سے رابطہ کریں تاکہ حاشیے پر رہنے والے لوگوں کو بھی اصل دھارے میں شامل کیا جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ گورنر کا عہدہ ایک اہم منصب ہے جو آئین کے فریم ورک کے تحت ریاست کے عوام اور خاص طور پر قبائلی خطوں کی فلاح وبہبود میں اہم رول ادا کرسکتا ہے۔x

## **PM Agri Conference**

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں زرعی اقتصادی ماہرین کی 32 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ وہ اِس موقع پر ایک اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ اِس سال کی کانفرنس کا موضوع ہے: پائیدار زرعی خوراک نظام کی طرف منتقلی۔ یہ کانفرنس عالمی زرعی چیلنجوں سے متعلق بھارت کے سرگرم نقطۂ نظر اور زرعی تحقیق اور پالیسی کے عمل میں ملک کی ترقی کو اجاگر کرے گی۔ اِس کانفرنس میں تقریباً 75 ملکوں کے لگ بھگ ایک ہزار مندوبین شرکت کریں گے۔ x

## **RS Private Resolution NEET**

راجیہ سبھا میں آج DMK کے رکن ایم محمد عبد اللہ کی طرف سے پیش کردہ ایک پرائیویٹ ممبر قرار داد پر بحث ہوئی، جس میں حکومت پر زور دیا گیا کہ وہ قومی اہلیت اور داخلہ امتحان NEET اور امتحانات منعقد کرنے والی قومی ایجنسی NTA کو منسوخ کرے اور ریاستی حکومتوں کے معیار کی بنیاد پر میڈیکل داخلوں کی طرف رجوع کرے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے ایوان کے رہنما اور مرکزی وزیر صحت جگت پرکاش نڈا نے کہا کہ قومی اہلیت اور داخلہ امتحان NEET، طبی تعلیم کے مختلف شعبوں میں داخلوں کیلئے ایک مضبوط اور انتہائی منظّم نظام فراہم کرتا ہے۔ انھوں نے

اراکین سے اپیل کی کہ وہ اِس نظام کو کمزور نہ کریں کیونکہ NEET ایک بہت اچھا وسیلہ ہے، جس کے ذریعے دیہات اور دور دراز علاقوں کے طلبا MBBS اور BDS کورسز میں داخلہ حاصل کرسکتے ہیں۔

جناب نڈا نے کہا کہ پہلے میڈیکل کی تعلیم ایک کھلا کاروبار بن چکا تھا۔ انھوں نے کہا کہ پہلے طلباء کو متعدد میڈیکل امتحانات دینے کیلئے جد و جہد کرنی پڑتی تھی اور اس پر بڑی رقم خرچ ہوتی تھی۔ انھوں نے کہا کہ میڈیکل کورسز کیلئے سیٹیں مختص کرنے کیلئے کونسلنگ کے عمل کے دوران بھی واضح طور پر بدعنوانی ہوتی تھی۔ جناب نڈا نے ایوان کو مطلع کیا کہ فی الحال 571 شہروں میں NEET کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جو پہلے 154 شہروں میں منعقد ہوتا تھا۔ اِس میں 270 فیصد کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ سماجی زمروں کے طلباء کی تعداد میں 65 فیصد اضافہ ہوا ہے، جو NEET کے ذریعے میڈیکل سیٹیں حاصل کرتے ہیں۔

وزیر صحت نے مزید کہا کہ اب یہ امتحان 13 زبانوں میں منعقد کیا جاتا ہے اور سرکاری اسکولوں کے طلبا بھی اِس سے مستفید ہوتے ہیں۔

اِس سے پہلے قرار داد پر بولتے ہوئے DMK کے رکن ایم محمد عبد اللہ نے NEET پیپر لیک کا معاملہ اٹھایا۔اس بحث میں کانگریس کے شکتی سنگھ گوہل، AITC کے جواہر سرکار، عام آدمی پارٹی کے راگھو چڈھا اور CPIM کے ڈاکٹر John Brittas سمیت دیگر ممبروں نے بھی حصہ لیا۔ تاہم یہ بحث بے نتیجہ رہی۔ بعد میں ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ x

## LS Ayushman

مرکز نے آج کہا ہے کہ آیوشمان بھارت-پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا کے تحت اِس سال 30 جون تک ملک میں 34 کروڑ سے زیادہ آیوشمان کارڈ جاری کئے گئے ہیں۔ لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر مملکت پرتاپ راوٗ جادھو نے کہا کہ قومی راجدھانی خطہ دلّی، مغربی بنگال اور اڈیشہ کو چھوڑ کر 33 ریاستوں میں یہ اسکیم نافذ ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس اسکیم کے تحت مجموعی طور پر سات کروڑ 37 لاکھ لوگوں کا اسپتال میں اندراج ہوا ہے جس پر ایک لاکھ کروڑ روپئے خرچ ہوئے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اسکیم کا مقصد ہر ایک کنبے کو ہر سال پانچ لاکھ روپئے کا صحت کور فراہم کرنا ہے۔ جناب جادھو نے کہا کہ اہل مستفیدین ملک بھر میں پینل میں شامل 29 ہزار سے زیادہ اسپتالوں میں کیش لیس صحت خدمات حاصل کرسکتے ہیں۔x

## LS Covied Children

بچوں کیلئے PM کیئرس اسکیم کے تحت، چار ہزار 532 بچے مستفید ہوئے ہیں۔ اِس اسکیم کا مقصد، اُن بچوں کی جامع دیکھ بھال اور تحفظ کو یقینی بنانا ہے جنھوں نے کووڈ-19 وبا کی وجہ سے اپنے والدین یا قانونی نگہبان کو کھو دیا ہے۔ لوک سبھا میں آج ایک تحریری جواب میں خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر اَنّ پورنا دیوی نے کہا کہ اِس اسکیم کے تحت مہاراشٹر کے سب سے زیادہ 855 بچے مستفید ہوئے ہیں جبکہ اترپردیش کے 467 اور مدھیہ پردیش کے 433 بچوں کو اِس کا فائدہ ہوا ہے۔x

## Fin Min ITR

سال 2024-25 کیلئے 31 جولائی تک ریکارڈ سات کروڑ 28 لاکھ انکم ٹیکس ریٹرن، ITR داخل کئے گئے ہیں۔ وزارتِ خزانہ نے ایک بیان میں بتایا کہ یہ سال 2023-24 کیلئے داخل کئے گئے انکم ٹیکس ریٹرن کی تعداد سے ساڑھے سات فیصد زیادہ ہے۔

ٹیکس دہندگان کی بڑھتی تعداد نے نئے ٹیکس نظام کو چُنا ہے۔ سال 2024-25 کیلئے داخل کئے گئے مجموعی سات کروڑ 28 لاکھ انکم ٹیکس ریٹرنس میں سے 5 کروڑ 251 لاکھ نئے ٹیکس نظام کے تحت داخل کئے گئے ہیں، جبکہ 2 کروڑ ایک لاکھ ٹیکس دہندگان نے پرانے ٹیکس نظام کو اپنایا ہے۔ اِس طرح 72 فیصد ٹیکس دہندگان نے نئے ٹیکس نظام کو اور 28 فیصد ٹیکس دہندگان نے پرانے ٹیکس نظام کو چُنا ہے۔

اِس سال انکم ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کا معاملہ 31 جولائی کو عروج پر رہا جبکہ ایک ہی دن میں 69 لاکھ 92 ہزار لوگوں نے انکم ٹیکس ریٹرن داخل کئے۔ وزارتِ خزانہ کے بیان کے مطابق محکمے کو 31 جولائی تک پہلی مرتبہ انکم ٹیکس دہندگان کی جانب سے 58 لاکھ 57 ہزار ریٹرنس موصول ہوئے ہیں جو کہ ٹیکس کے بڑھتے دائرے کی نشاندہی کرتے ہیں۔

اِس دوران، ٹیکس دہندگان کی جلدی انکم ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کیلئے حوصلہ افزائی کی غرض سے سوشل میڈیا پر مرکوز بیداری مہم چلائی گئی۔ اس کے علاوہ مختلف پلیٹ فارموں پر منفرد تخلیقی نوعیت کی مہم بھی چلائی گئیں۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارموں پر انگریزی اور ہندی کے علاوہ 12 مقامی زبانوں میں معلوماتی ویڈیوز بھی جاری کئے گئے۔x

## Uttarakhan Rescu Operation

اتراکھنڈ میں کیدارناتھ دھام اور یاترا روٹ پر پھنسے ہوئے عقیدتمندوں کو نکالنے کیلئے آج دوسرے دن بھی امدادی اور بچاؤ کارروائیاں جاری رہیں۔ اب تک چھ ہزار سے زیادہ عقیدتمندوں کو بحفاظت بچالیا گیا ہے۔

## HP Rescue Operation

ہماچل پردیش میں پچھلے دو دنوں کے دوران ہونے والی مانسون کی تیز بارش اور بادَل پھٹنے کے واقعات کی وجہ سے لاپتہ لوگوں کی تلاش کیلئے امدادی اور بچاؤ کارروائیاں جنگی پیمانے پر جاری ہیں۔ کُلّو، منڈی اور شملہ اضلاع میں بادَل پھٹنے کے واقعات میں اب تک 6 لوگوں کی لاشیں نکالی جاچکی ہیں، جبکہ 47 لوگ اب بھی لاپتہ ہیں۔

## Kerala Wayanad

کیرالہ میں وائیناڈ میں ہوئے مٹی کے تودے کھسکنے کے کئی واقعات میں بچاؤ کی کارروائیاں جنگی پیمانے پر ہو رہی ہیں۔ منگل کو ہوئے اِس حادثے میں اب تک تقریباً 300 لوگوں کی جانیں تلف ہوچکی ہیں۔ مسلح افواج کی قیادت میں بچاؤ کی کارروائیوں کے چوتھے دن فوج نے Padavettikunnu علاقے سے چار لوگوں کو نکالا ہے۔ ان لوگوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے بچایا گیا ہے جن میں ایک خاتون اور ایک لڑکی شامل ہے۔ تلاش کی کارروائی فی

الحال سب سے زیادہ متاثرہ علاقے Churalmala، مونڈکاکائی، Attamala اور Chaliyar ندی کے ساحل پر جاری ہے۔ 40 ٹیموں پر مشتمل ڈیڑھ ہزار بچاؤ کارکن اِس میں شامل ہیں۔ حکام نے بتایا ہے کہ لاپتہ لوگوں کو تلاش کرنے کیلئے تمام اقدامات کئے جائیں گے۔ وائیناڈ میں فی الحال 9 ہزار سے زیادہ لوگ 91 ریلیف کیمپوں میں رہ رہے ہیں۔x

## Karnataka Forest Minister

کرناٹک کے ریاستی وزیر جنگلات Eeshwar Khandre نے کہا ہے کہ مغربی گھاٹوں میں جنگلات کی اراضی پر قابض لوگوں کو خالی کرایا جائے گا۔ آج بینگلورو میں منعقدہ ایک میٹنگ میں وزیر موصوف نے اپنے محکمے کے اعلیٰ افسران کو ہدایت دی کہ وہ 2015 کے بعد جنگلاتی زمینوں پر تعمیر ہونے والی بستیوں کو خالی کرائیں۔ وزیر موصوف نے احکامات جاری کیے کہ ایک مہینے کے اندر اندر اُن کے خلاف کارروائی شروع کی جانی چاہیے اور اس سلسلے میں اُن کو ایک رپورٹ بھی پیش کی جائے۔ انھوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مغربی گھاٹوں اور شولا جنگل کے کئی حصے، Coffee کے باغات، مکانات، ہوم اسٹے اور ریزارٹس میں تبدیل ہوچکے ہیں۔

انھوں نے نشاندہی کی کہ ماہرین کے مطابق غیر سائنسی ترقی، جنگلات اور پہاڑیوں کی کٹائی، پہاڑی علاقوں میں بھاری گاڑیوں کی آمد و رفت اور اِن مقامات پر بڑی تعداد میں سیاحوں کا جمع ہونا، مٹی کے تودے کھسکنے کی اہم وجوہات ہیں۔ x

## Air India Flights Suspended

ایئر انڈیا نے تل ابیب کو جانے والی اور وہاں سے آنے والی سبھی پروازوں کو 8 اگست 2024 تک فوری طور پر معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِن پروازوں کو مغربی ایشیا کے موجودہ حالات کے تناظر میں حفاظتی نقطۂ نظر کا حوالہ دیتے ہوئے معطل کیا گیا ہے۔ ایئر انڈیا نے زور دے کر کہا ہے کہ مسافروں اور عملے کی حفاظت اُس کی اولین ترجیح ہے۔

اس مدت کے دوران کنفرم بکنگ والے مسافروں کو ری-شیڈولنگ اور ٹکٹ منسوخی کے جرمانے پر مکمل چھوٹ کی پیشکش کی جائے گی۔ ایئر انڈیا نے مزید کہا کہ وہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اور ضرورت پڑنے پر اطلاعات بھی فراہم کرے گا۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں ہوئی ہے جب مغربی ایشیا میں کشیدگی میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے ہوائی سفر کی حفاظتی صورتحال بھی متاثر ہو رہی ہے۔ x

## Olympics Day 7 Schedule

پیرس اولمپکس میں بھارتی تیرانداز Ankita Bhakat اور Dhiraj Bommadevara مکسڈ ٹیم مقابلے کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے کوارٹر فائنل میں اسپین کے تیراندازوں کو پانچ-تین سے شکست دی۔

شوٹنگ میں دو اولمپک تمغہ جیتنے والی منو بھاکر 25 میٹر ایئر پسٹل مقابلے کے فائنل کیلئے کوالیفائی کر گئی ہیں۔

بھارتی مردوں کی ہاکی ٹیم نے گروپ اسٹیج کے اپنے آخری میچ میں آسٹریلیا کو تین-دو سے شکست دی ہے۔
اِسی دوران بھارت کے لکشیہ سین مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں چینی تائی پی کے Chou Tien Chen سے مقابلہ کریں گے۔
خواتین کے پلس 78 کلو گرام زمرے میں Judoka Tulika کیوبا کی Idalys Ortiz سے ہار گئی ہیں۔x

## EVE Cricket

بھارت اور میزبان سری لنکا کے درمیان تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں 231 رن کا کے نشانے کو حاصل کرتے ہوئے کھیلتے ہوئے بھارت نے کچھ دیر پہلے تک 40 اوورس میں 6 وکٹ پر 196 رن بنالئے تھے۔یہ میچ کولمبو میں کھیلا جا رہا ہے۔
اِس سے پہلے سری لنکا نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ سری لنکا کی ٹیم مقررہ پچاس اوورس میں آٹھ وکٹ پر 230 رن بنائے تھے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆